NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

این وائی سی ریڈز: یقینی بنانا کہ ہر طالب علم ایک پُراعتماد کُتب بین ہے

عزیزی نیویارک کے مکین،

ہر روز، میں ہمارے بچوں کے لیے تابناک وعدہ اور ہمیں انکے لیے ...اور ہمارے معلمین کے لیے مزید کرنے کی ضرورت کا سامنا کرتا ہوں۔ یہ میرے لیے بالکل واضح ہے کہ ہمارا شدید ارتکاز کہاں ہونا چاہیئے۔ ہم اپنے بچوں کو جس طرح مطالعہ کرنا سیکھاتے ہیں ہمیں اس طریقے کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

اعداد ہمیں حقیقت بتاتے ہیں۔ فی الوقت، نیویارک شہر کے 51 فیصد الیمنٹری طلبا— اور قومی پیمانے پر ایک تہائی طلبا — اپنے گریڈ سطح پر مطالعہ نہیں کررہے ہیں۔ یہ ہمارے عرصہ حیات کا تعلیمی بحران ہے، اور ہم اسکے لیے کچھ کرنے جارہے ہیں۔

اس ہفتے، [مئر Eric Adams اور میں نے "NYC Reads" کے آغاز کا اعلان کیا ہے](#) خواندگی اور مطالعے کی تدریس کو بطور بنیادی مرکزِ توجہ اور نیویارک شہر پبلک اسکولوں کی اہم ترین ترجیح بنانے کی ایک سنگِ میل شہر پیما مہم۔ اس مہم کا مرکز ایک نیا منصوبہ ہے کہ ہم آپکے بچوں کو خواندگی کی جو تدریس دیتے ہیں —ابتدائی طفلی تعلیم پروگراموں سے آغاز— اور ہم انکے اساتذہ کو جو تربیت دیتے ہیں، اسے بڑی حد تک مضبوط بنانا ہے۔

مطالعے کی سائنس ہمِیں بتاتی ہے کہ کیا کارآمد ہے، اور وہ ہے صوتیات (فونکس) اور ذخیرۂ الفاظ کو بڑھانے کے لیے، روانی اور فہم کے لیے درکار بنیادی صلاحیتوں پر مرکوز توجہ۔ اساتذہ نے ہمیں بتایا ہے کہ انہیں اس بارے میں واضح رہنمائی چاہیئے

که کیا کارآمد ہے، جسکی تصدیق کوچنگ اور پیشہ ورانہ تدریس سے ہوتی ہو جو انکے کلاس رومز کے کام سے منسلک ہو۔ اور ہم یہ انہیں فراہم کریں گے۔

این وائی سی ریڈز اگلے دو سالوں میں تمام ابتدائی طفلی تعلیم پروگراموں اور الیمنٹری اسکولوں کا احاطہ کرے گا، کلاس روم کے مواد کی ایک کارآمد ترتیب پر مرکوز توجہ کے ساتھ جسکی بنیاد مطالع کی سائنس ہے۔ ہمارے تقریباً نصف اضلاع ستمبر میں ایک نصاب کے ساتھ آغاز کریں گے جو وہ اپنے تمام الیمنٹری اسکولوں میں استعمال کے لیے منتخب کریں گے۔ ہمارے باقی اضلاع خزاں 2024 میں پروگرام میں شامل ہونگے۔ ہمارے زیادہ تر ابتدائی طفلی پروگراموں کا آغاز اس خزاں میں کیا جائے گا، بقایا اگلے سال میں شامل ہونگے۔

اسکا مطلب ہے کہ دو سالوں میں، نیو یارک شہر میں ابتدائی طفلی تعلیم پروگرام اور الیمنٹری اسکول ایک معیاری، تحقیق سے ثابت نصاب استعمال کریں گے جو ایک پُراعتماد کُتب بین بننے کے لیے درکار بنیادی صلاحیتیں سیکھانے پر توجہ مرکوز کرے گا۔

مئیر Adams اور میں اسے بطور کلاس رومز میں ایک بڑی تبدیلی لانے کے دیکھتے ہیں، خاص طور پر تمام بچوں کو پُراعتماد کُتب بین بننا سیکھانے کے— ہر طالب علم کے ایک ثمر آور طرزمعاش اور طویل مدتی معاشی تحفظ کی راہ پر سندیافتہ ہونے کے ہمارے مقصد کی جانب ایک انتہائی اہم قدم، تبدیلی کے لیے ایک مثبت قوت سے آراستہ۔

نیویارک شہر پبلک اسکولوں کا ایک حصہ ہونے اور اپنے بچے کی تعلیم میں آپکی پُرعظمی پر آپکا شکریہ۔ ملکر کام کرتے ہوئے، ہم ہر بچے کو ہر کلاس روم میں ایک مستحکم تعلیمی بنیاد دینے کے لیے ارتکاز اور معاونت قائم کریں گے— ایک روشن، لامحدود مستقبل کی جانب ایک تابناک آغاز اور واضح راستہ۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

چانسلر Banks کو انکے پبلک تعلیم کی تشکیلِ نو کرنے کے نظریے پر بات کرتے ہوئے اس پوڈکاسٹ میں سنیں جسکی میزبانی قومی تعلیم قائد Kevin Chavous نے کی ہے۔

ہماری ہفتہ وار وڈیو

براہِ مہربانی چانسلر کے این وائی سی ریڈز کے اعلان کی ان شہ سرخیوں سے لُطف اندوز ہوں:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے جدید معلومات براہِ راست موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ "Auto-translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

آگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔